# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 13 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۳/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **مراٹھواڑے سے قحط کا خاتمہ کرنے کے لیے حکومت پُرعزم ہیں' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن**
- ☆ **سانپ کے ڈسنے سے فوت ہونے والے زرعی مزدوروں کو گوپی ناتھ منڈے کاشتکار حادثہ بیمہ کے تحت فوائد فراہم کرنے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں کی جانے والی 52/ ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری سے معاشی انقلاب آئے گا ' وزیر صنعت اُدئے سامنت**
- ☆ **دھاراشیو ضلعے میں تپ دِق سے پاک پروگرام پر کامیاب عمل درآمد کے اعتراف میں 71/ گرام پنچایتوں کی پذیرائی**

**اور**

- ☆ **روبوٹیکس انڈیا نیشنل چیمپئن شپ میں چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے نارے گاؤں اسکول کے طلباء فاتح**

**اب خبریں تفصیل سے...**

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ مراٹھواڑے کو قحط سے پاک کرنے کے لیے ریاستی حکومت پُرعزم ہیں۔ وہ کل ہنگولی میں کاوڑ جاترا سے مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کی معاونت سے ریاستی حکومت مراٹھواڑے میں ندی جوڑ منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مفادِ عامہ میں شروع کیے گئے منصوبے صرف چُناؤ کو ذہن میں رکھ کر شروع نہیں کیے گئے ہیں بلکہ یہ ہمیشہ جاری رہیں گے۔

وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ کلمنوری تعلقے میں مجوزہ وِپاسنا سینٹر کے لیے خاطر خواہ رقم مہیا کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ جلد ہی اِس کی منظوری بھی دیدی جائے گی۔ کلمنوری کے چِن چالیشور مہادیو مندر سے ہنگولی کے مہادیو مندر کے درمیان 18 رکلومیٹر طویل کاوڑ جاترا کی کامیابی پر وزیر اعلیٰ نے رکن اسمبلی سنتوش بانگر کو مبارکباد پیش کی۔

***** ***** *****

سانپ کے ڈسنے سے جاں بحق ہونے والے زرعی مزدوروں کو گوپی ناتھ منڈے کاشتکار حادثہ بیمہ کے تحت فوائد مہیا کیے جائیں۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ ہدایت دی ہے۔ جنگلی حیات کے ریاستی کارپوریشن کے کل منعقدہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ اظہار خیال کر رہے تھے۔ سانپ کے ڈسنے پر فوری علاج مہیا کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ نے کلینک آن وہیل نامی پروگرام شروع کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔ اِس کے علاوہ جنگلی جانوروں کے حملے میں جاں بحق ہونے والے شخص کے کُنبے سے کسی فرد کو محکمہ جنگلات میں جنگلاتی مزدور کے طور پر شامل کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ جنگلات میں میڈیکل ٹورِیزم کو بڑھاوا دینے سے کاشتکاروں کو فائدہ ہوگا اور کم یاب جڑی بوٹیوں کی بقا میں بھی مدد ملے گی۔ ساتھ ہی انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے شروع کیے گئے ''ایک پیڑ ماں کے نام '' پروگرام سے متعلق ریاست بھر میں بیداری پیدا کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کہا ہے کہ ریزرویشن کی حد میں اضافہ کیے جانے کا فیصلہ ہوتا ہے تو ہماری پارٹی اِس کی حمایت کرے گی۔ وہ کل ممبئی میں صحافیوں سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ عدالت کا فیصلہ ہے کہ ریزرویشن کی حد 50 رفیصد سے زیادہ نہیں بڑھائی جاسکتی ہے لہٰذا ریاست کی تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے آپسی اختلافات کو بھول کر مرکزی حکومت سے ریزرویشن کی حد میں اضافہ کروانے کا مطالبہ کریں۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی انچارج رمیش چینتھلا نے کہا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی متحد ہو کر اسمبلی انتخاب لڑے گی۔ انھوں نے کہا کہ جن کارکنان نے اتحاد کے لیے بے لوث محنت کی ہے ایسے کارکنان کو اِس چُناؤ میں موقع دینے کی کوشش کی جائے گی۔ وہ کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں اسمبلی انتخاب سے قبل منعقدہ میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر مراٹھواڑے کے مہاوِکاس آگھاڑی کے نومنتخبہ اراکین پارلیمان کا استقبال بھی کیا گیا۔

***** ***** *****

ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سبھی شہریان آج سے اپنے گھروں پر قومی پرچم پھہرائیں۔ انتظامیہ کی جانب سے یہ اپیل کی گئی ہے۔ اس خصوص میں لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے نے کہا کہ ضلع کے تمام کنبے اِس مہم میں جوش وجذبے سے حصہ لیں اور اپنے گھر کی خواتین کے ہاتھوں ترنگا پھہرائیں۔

دھاراشیو ضلع کی کڑبلدیہ کی جانب سے کل ہر گھر ترنگا مہم کے تحت گھر گھر جا کر ملاقات کرنے کے خصوصی دورے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے ویجاپور بلدیہ کی جانب سے بھی کل طلباء کی ترنگا ریلی نکالی گئی تھی۔ اِس موقعے پر طلباء نے شہریان سے اپنے گھروں پر قومی پرچم پھہرانے کی اپیل کی۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے آج شہر میں ہر گھر ترنگا ریلی نکالی جائے گی۔ ساتھ ہی ثقافتی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

حفاظتی دوڑ اور ہر گھر ترنگا مہم کے تحت پربھنی ضلعے کی وسنت راؤ نائک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کی جانب سے کل مہا میراتھان ریلی نکالی گئی تھی۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوَڈے نے اِس ریلی کو ہری جھنڈی دکھائی تھی۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ ہر گھر ترنگا مہم کے تحت جاری سرگرمیوں میں سبھی کو جوش و جذبے سے حصہ لینا چاہیے۔

***** ***** *****

وزیر صنعت اُدئے سامنت نے بتایا ہے کہ 4/ بڑے صنعت کار چھترپتی سنبھاجی نگر میں 52/ ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کریں گے۔ وہ کل اِس خصوص میں منعقدہ میٹنگ کے بعد مخاطب تھے۔ اِن صنعت کاروں کا کل ماسیا نامی تنظیم کی جانب سے سامنت کے ہاتھوں استقبال کیا گیا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ اِس سرمایہ کاری سے زبردست معاشی انقلاب آئے گا۔ اِس موقعے پر شہر کے صنعت کاروں کی جانب سے ریاستی حکومت کو توصیف نامہ دیا گیا۔ اِس پر جناب اُدئے سامنت نے کہا کہ یہ توصیف نامہ مخالفین کی جانب سے کی گئی بدنامی کا بہترین جواب ہے۔ جناب سامنت نے بتایا کہ صنعتوں کو درکار باصلاحیت افراد کی فراہمی کے لیے کمپنی کی جانب سے ہنرمندی کی تربیت دے کر مقامی افراد کو ملازمت دی جائے گی۔

اِسی دوران وزیر صنعت اُدے سامنت نے مزید بتایا کہ بڑکن صنعتی علاقے کے لیے اراضی دینے والے کاشتکاروں کو معاوضہ دینے کا فیصلہ بھی جلد ہی کیا جائے گا۔ وزیر موصوف نے اِس سے متعلق سبھی معاملات آئندہ 17 ر تاریخ سے قبل منترالیہ کو بھیجنے کی ہدایت بھی دی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں تپ دِق سے پاک مہم پر کامیاب عمل درآمد کیے جانے کا اعتراف کرتے ہوئے تپ دِق کے خاتمے کے قومی پروگرام کے تحت 71 رگرام پنچایتوں کی پذیرائی کی گئی ہے۔ اِس خصوص میں ضلعے کے تپ دِق افسر ڈاکٹر رفیق انصاری نے بتایا کہ لاتور ڈویژن میں تپ دِق کے خاتمے کے پروگرام کی درجہ بندی میں دھاراشیو ضلع سرفہرست ہے۔ اِس موقعے پر اپنی مخاطبت میں ڈسٹرکٹ میڈیکل افسر ڈاکٹر ہرداس نے ٹی بی سے پاک پنچایت پروگرام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے سرپنچوں کا شکریہ ادا کیا۔

***** ***** *****

پونا میں منعقد کی گئی روبوٹیکس انڈیا نیشنل چیمپئن شپ 2024ء میں چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے نارے گاؤں اسکول میں زیر تعلیم طلباء نے پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ یہ طلباء اب ایس ٹونیا میں آئندہ 6ر اور 7ر دسمبر کے روز ہونے والے روبوٹکس انٹرنیشنل میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ اِس قابل فخر کارکردگی پر میونسپل کمشنر نیز منتظم جی شری کانت اور شعبہ تعلیم کے سربراہ انکور پانڈھرے نے طلباء کی خوب ستائش کی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات پیش کیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر میں صفائی مہم جاری ہے۔ اِس مہم میں حصہ لیتے ہوئے ایئرپورٹ اتھاریٹی نے بھی کل اپنے احاطے کو مزید صاف کیا۔ اِسی طرح جماعتِ اسلامی ہند کی جانب سے بھی کل نوکھنڈا کالج میں صاف صفائی کی گئی۔ شہر کے بی ایس جی ایم اسکول میں بھی صفائی کر کے شہریان کی حوصلہ افزائی کے لیے صفائی ریلی نکالی گئی تھی۔ خیال رہے کہ چھترپتی سنبھاجی نگر میں یہ صفائی مہم آئندہ 15 رتاریخ تک جاری رہے گی۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے مطالبے کی تکمیل کے لیے اکھل بھارتیہ چھاوا سنگٹھنا کی جانب سے جن سنگھرش یاترا نکالی گئی ہے۔ مذکورہ تنظیم کے قومی صدرنشین نانا صاحب جاوڑے پاٹل نے کل لاتور میں صحافیوں کو بتایا کہ یہ یاترا گزشتہ 9/ تاریخ کے روز تلجاپور سے نکالی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مراٹھا سماج کو دائمی ریز رویشن ملنے تک اِس کے لیے جدو جہد جاری رہے گی۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **مراٹھواڑے سے قحط کا خاتمہ کرنے کے لیے حکومت پُرعزم ہے ' وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کا تیقن**
- ☆ **سانپ کے ڈسنے سے فوت ہونے والے زرعی مزدوروں کو گوپی ناتھ منڈے کاشتکار حادثہ بیمہ کے تحت فوائد فراہم کرنے کی وزیراعلیٰ کی ہدایت**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر میں کی جانے والی 52/ ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری سے معاشی انقلاب آئے گا ' وزیر صنعت اُدئے سامنت**
- ☆ **دھاراشیو ضلعے میں تپ دِق سے پاک پروگرام پر کامیاب عمل درآمد کے اعتراف میں 71/ گرام پنچایتوں کی پذیرائی**

**اور**

- ☆ **روبوٹیکس انڈیا نیشنل چیمپئن شپ میں چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے نارے گاؤں اسکول کے طلباء فاتح**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆